# ترغیب اور تخیل

## (INSPIRATION AND IMAGINATION)

**8**

4879CH08



## متاثر کرنے والے فن کار

ہم یہ سمجھتے ہیں کہ موسیقار اور فن کار خدا داد صلاحیت کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں اور وہ خوش قسمت ہیں کہ انھیں اسٹیج نصیب ہوتا ہے اور وہ لوگوں کے سامنے اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں لیکن بہت سے موسیقاروں کو اپنی زندگی میں کسی معذوری یا مشکل حالات پر قابو پانے کے بعد ہی کامیابی ملتی ہے۔

### رویندر جین (1944-2015)



رویندر جین ایک مشہور موسیقار اور نغمہ نگار تھے جنھوں نے زیادہ تر ہندی فلموں میں کام کیا۔ بینائی سے محرومی کے باوجود وہ لوگوں کے پسندیدہ فن کار تھے۔ انھوں نے بالی ووڈ کی 200 سے زیادہ فلموں کے لیے موسیقی کمپوز کرنے کے علاوہ ٹیلی ویژن کے مقبول سیریل رامائن کی موسیقی بھی کمپوز کی۔

رویندر جین نے رام تیری گنگا میلی (1985) کے لیے بہترین موسیقار کا فلم فیئر ایوارڈ حاصل کیا اور سینکڑوں لائیو اور ٹی وی شو میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

### سرگرمی 8.1: دشواریوں پر قابو پانے والے فن کار

- کیا آپ اپنی برادری، علاقے یا ریاست میں کسی ایسے فن کار کے بارے میں جانتے ہیں جس نے کسی معذوری کے باوجود اپنے شوق کو پورا کرنے کے لیے رکاوٹیں توڑی ہوں؟
- گھاٹم سریش ویدیہ ناتھن اور پٹّا راج گوئی جیسے فن کاروں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔
- فن کار کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں بشمول —
  - ان کا تعلق کہاں سے ہے؟
  - وہ کس فن کی مشق کرتے ہیں؟
  - اپنے فن کو انھوں نے کیسے سیکھا یا اس کو آگے بڑھایا؟
  - انھیں کن ناگزیر دشواریوں پر قابو پانا پڑا؟
- ان کی موسیقی سنیے اور ان کے مظاہرے یا انٹرویو کے ویڈیو دیکھیے۔

اس بات پر غور کیجیے کہ آپ ان کی زندگیوں سے کیا سیکھ سکتے ہیں اور اسے اپنے ہم جماعتوں کو بتا سکتے ہیں۔


© NCERT not to be republished

## موسیقی سے متعلق یادگار عمارتیں


بہت سے مندروں اور تاریخی عمارتوں کا موسیقی سے گہرا تعلق ہے۔
مندر کے کئی مجسموں میں موسیقی کے آلات کو بجاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ یہاں چند مثالیں پیش ہیں:



چینا کیشو مندر، بیلور، کرناٹک



گوالیار قلعہ، گوالیار، مدھیہ پردیش



کونارک سورج مندر، کونارک، اڈیشہ

- مزید پتہ لگائیے کہ ان میں سے یہ یادگاری ورثے کس طرح موسیقی سے وابستہ ہیں۔
- ان میں سے ہر ایک کے بارے میں ایک ایک صفحہ لکھیے۔
- معلوم کیجیے کہ موجودہ وقت میں کیا ان مقامات پر موسیقی کے پروگرام یا تہوار منعقد کیے جاتے ہیں۔

not to be published

## موسیقی سے متعلق ستون

ہندوستانی مندروں میں موسیقی کے ستونوں کی روایت رہی ہے۔ پتھر کی ساخت اور ستونوں کے نقش و نگار کی بناوٹ ایسی ہے کہ ان پر ضرب لگانے سے موسیقی کی لَے پیدا ہوتی ہے، جس سے موسیقی، سائنس اور مجسمہ سازی کی ہم آہنگی کی ایک شان دار مثال کا علم ہوتا ہے۔

1. وجے وٹالا مندر، ہمپی، کرناٹک
**خصوصیات:** 56 ستون جو موسیقی کی لے پیدا کرتے ہیں۔

2. ایراوتیشور مندر، داراسورم، تمل ناڈو
**خصوصیات:** پتھر کی ایک سیڑھی جس پر دھپ کرنے سے موسیقی کی لَے پیدا ہوتی ہے۔

3. پدمنا بھا سوامی مندر، تروواننت پورم، کیرلا
**خصوصیات:** کھدے ہوئے پتھر اور کیرلا کے ستون جن پر ضرب لگانے سے موسیقی کی لے پیدا ہوتی ہے۔

یہ ستون کیسے کام کرتے ہیں؟



ایراوتیشور مندر، کمباکنم، تمل ناڈو



وجے وٹالا مندر، ہمپی، کرناٹک



پدمنابھا سوامی مندر، تروواننت پورم، کیرلا

- یہ ستون گونجنے والے پتھر سے بنے ہیں جن کی تھرتھراہٹ سنائی دینے کے قابل ہو گئی ہے۔
- یہ پتھر اکثر کھوکھلے ہوتے ہیں اور ان کے ذرات آپس میں ایک دوسرے سے زیادہ یا کم جڑے ہوتے ہیں جس سے مختلف قسم کی ارتعاش پیدا ہوتی ہے۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 8.2: موسیقی سے متعلق اداروں کے بارے میں جانیں

- کیا آپ کسی مقامی موسیقی کے اسکول یا مقام کو جانتے ہیں؟ اگر نہیں تو آن لائن تلاش کرنے کی کوشش کیجیے یا اہلِ خانہ اور دوستوں سے معلوم کیجیے۔
- یہ بھی معلوم کریں کہ یہ ادارہ کیا کرتا ہے؟ کیا وہاں موسیقی کی کلاسیں ہوتی ہیں؟ کیا وہ پروگرام کا اہتمام کرتے ہیں؟ اس ادارے میں دیگر کون سی سرگرمیاں ہوتی ہیں؟
- ممکن ہو تو آپ وہاں اور ان کی سرگرمیوں کے بارے میں مزید جاننے کی کوشش کیجیے۔
- آپ اپنے والدین سے شخصی طور پر یا آن لائن موسیقی کلاس میں شامل ہونے کے لیے بھی بات کر سکتے ہیں۔



میسور کے ایک میوزک اسکول میں لڑکیوں کے ایک گروپ کی شرکت، بھارت (1895)



### استاد کے لیے نوٹ

(1) آپ کے آس پاس موسیقی کے کچھ ادارے ہو سکتے ہیں۔ موسیقی کے ماحول کے براہِ راست تجربے کے لیے طلبا کو ان اداروں میں لے جانے کے امکانات پر غور کریں۔

(2) کیا آپ نے ان کے بارے میں سنا ہے:

(i) شیلانگ چیمبر کوئر اور

(ii) چھتیس گڑھ — بستر بینڈ یا کوئی دوسرا روایتی مقامی بینڈ جو ہندوستان میں بجایا جا رہا ہے۔ ان کو سننے کے بعد آپ کو کیسا لگا اسے ریکارڈ کریں۔ دوسری موسیقی برادریوں کے بارے میں بھی معلومات حاصل کریں جن کے پاس آرکیسٹرا یا ووکل بینڈ ہیں۔

© NCERT not to be republished

## اپنے مستقبل کا تصور

رواں سال ہم نے موسیقی، آلات، گانے اور جذبات کے عناصر کے بارے میں مختلف خیالات سے آگاہی حاصل کی۔ ہم موسیقاروں اور اہم عظیم ہستیوں کی زندگیوں سے بھی متاثر ہوئے۔ توجہ اور لگن سے آپ بھی کامیاب ہو سکتے ہیں اور ایک مضبوط ملک کی تعمیر میں معاون ہو سکتے ہیں۔ آیئے اپنے مستقبل کا تصور کرنے میں کچھ وقت گزاریں۔



قبائلی لوک آرٹ میں مقامی موسیقی کے آلات بجانے کی عکاسی

## سرگرمی 8.3: اپنے مستقبل کے بارے میں خود رپورٹ تیار کریں

اب سے بیس سال بعد اپنے بارے میں اخبار کے لیے ایک مضمون کسی دوسرے شخص کے نقطہ نظر سے لکھنے سے پہلے درج ذیل نکات پر غور کریں اور نوٹ کریں:

آپ نے جس کیریئر کا انتخاب کیا ہے:

- آپ کے چند بڑے کارنامے کیا ہیں؟
- آپ کی ذاتی زندگی پر موسیقی یا کسی دوسرے فن کے اثرات۔
- سنگ میل جیسا کوئی اہم واقعہ ہے جسے آپ رپورٹ میں شامل کرنا چاہیں گے؟
- آپ تب کیا کرنا پسند کریں گے؟
- آپ کی ذاتی زندگی کے بارے میں کچھ اور دلچسپ تفصیلات۔
- آپ کے مستقبل کے خواب۔

اگر آپ کو کسی ترغیب کی ضرورت ہے تو ان لوگوں کی سوانح حیات اور کارنامے دیکھیں جنھیں آپ پسند کرتے ہیں۔ یاد رکھیں، آپ کے پاس دنیا کو ایک بہتر جگہ بنانے کی طاقت ہے۔

ان نکات کا استعمال کرتے ہوئے ایک مسودہ تیار رکھیں اور پھر ایک دل کش سرخی بھی سوچ لیں۔

400-500 الفاظ میں ایک مضمون لکھیں اور اسے اپنے کلاس روم کے نوٹس بورڈ پر چسپاں کریں۔

**توسیعی سرگرمی:** اس بات پر بھی غور کریں کہ مستقبل میں میڈیا اور خبر نگاری کی کیا صورت ہوگی؟ اگر آپ کسی اخبار کے لیے مضمون پوڈ کاسٹ، مختصر ویڈیو یا بلاگ کو پسند کرتے ہیں تو ان میں سے کسی ایک کو آزمائیں۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 8.4: موسیقانہ خودنوشت

موسیقانہ خودنوشت کسی کی زندگی کی کہانی سنانے کے لیے موسیقی کا استعمال کرتی ہے۔ اس سرگرمی کو کرنے کے لیے ان مراحل پر عمل کریں:

اپنی اب تک کی زندگی کے بارے میں غور کریں اور کچھ اہم تفصیلات جو آپ دنیا کو بتانا چاہتے ہیں جیسے آپ کی جائے پیدائش، آپ کے خاندان سے متعلق معلومات، کچھ دل چسپ چیزیں جو آپ نے کی ہیں، آپ کے شوق اور کوئی خاص چیز، انھیں نوٹ کریں۔ ان تفصیلات میں



ڈرمر بننے کی راہ پر

سے ہر ایک کے بارے میں موسیقی کا کوئی ٹکڑا تلاش کریں جو آپ کے عندیے کو ظاہر کرتا ہو۔ اس امر پر بھی چند جملے لکھیں کہ یہ گانا آپ کی سوانح عمری سے کیسے تعلق رکھتا ہے۔ کلاس میں ان گانوں اور تفصیلات کو بتائیں۔

**توسیعی سرگرمی:** اپنی ذاتی زندگی سے واقعات اخذ کریں اور اپنی موسیقانہ خودنوشت کے لیے اس پر مبنی ایک گیت (لَے) لکھیں۔ بول، راگ اور اس کی پیش کش کے بارے میں غور کریں کہ وہ کہانی سے کس طرح سے وابستہ ہیں۔




آرکیسٹرا اور کوائر کا جوڑ ملانا

# جائزہ

| باب 8: ترغیب اور تخیل | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سی جی | سی | آموزشی ماحصل | استاد | خود |
| 2 | 2.2 | ذاتی کہانی سنانے کے لیے موسیقی کا استعمال کرنے کی صلاحیت۔ | | |
| 3 | 3.2 | موسیقی کی پیش کش کے بارے میں یا موسیقی کے کسی ادارے کے بارے میں بتاتا ہے۔ | | |
| 4 | 4.1 | عصری اصناف میں اور معاصر فن کاروں کی موسیقی کے ساتھ مصروف رکھتا ہے۔ | | |

**استاد کے تاثرات اور طالب علم کے مشاہدات**

© NCERT not to be republished